Immigration and
Refugee Board of Canada

Commission de l'immigration
et du statut de réfugié du Canada

Canada

امیگریشن اینڈ ریفیوجی بورڈ آف کینیڈا میں اپنی ورچوئل سماعت کی تیاری کے لیے فوری تجاویز

امیگریشن اینڈ ریفیوجی بورڈ آف کینیڈا (IRB) میں آپ کی ورچوئل سماعت کے لیے تیار ہونے میں مدد کے لیے ذیل میں کچھ فوری تجاویز موجود ہیں۔

اگر آپ کو اپنی سماعت سے منسلک ہونے میں دشواری ہو رہی ہے، تو براہ کرم ہم سے رابطہ کریں۔ ہم آپ کو رابطہ قائم کرنے میں مدد کرنے کی کوشش کریں گے۔ ہمارے رابطے کی معلومات آپ کے نوٹس ٹو اپیئر (Notice to Appear) پر درج ہے۔

ایپ ڈاؤن لوڈ کریں

مائیکروسافٹ ٹیمس اپنے آلے پر ڈاؤن لوڈ کریں۔ ایپ آپ کی ورچوئل سماعت کے لیے بہترین مجموعی تجربہ فراہم کرتی ہے، حالانکہ آپ ویب براؤزر کا استعمال کرتے ہوئے جڑنے (کنیکٹ کرنے) کا انتخاب بھی کر سکتے ہیں۔

اپنے آلے کی جانچ کریں

اپنے آلے کے کنکشن کی رفتار (ایم بی پی ایس (1.5 Mbps) یا اس سے بہتر)) کی جانچ کریں۔ پھر، مائیکروسافٹ ٹیمس(Microsoft Teams) کا استعمال کرتے ہوئے، اپنے مشیر (یا کسی دوست) کو کال کریں اور ایک مختصر گفتگو کریں، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ آپ کا کیمرہ، مائیکروفون، اور اسپیکر ٹھیک سے کام کر رہے ہیں۔

ہیڈ فونزاور میوٹ فنکشن کا استعمال کریں

ہم تجویز کرتے ہیں کہ اچھی آواز کے معیار کو یقینی بنانے کے لیے آپ ایسے ہیڈ فونز کا استعمال کریں جن میں بلٹ ان مائکروفون (built-in microphone) موجود ہوں ۔ سماعت کے دوران اپنے مائیکروفون کو خاموش (میوٹڈ) رکھیں سوائے اس وقت کے جب آپ خود بول رہے ہوں۔

اپنے کاغذات تیار رکھیں

سماعت کے دوران آپ کے پاس اپنے دستاویز کا پیکج ہونا چاہیے، جس میں صفحات پر نمبر درج کیے گئے ہوں۔ آپ اور آپ کے وکیل دونوں کے پاس اسی پیکج کی ایک ایک کاپی ہونی چاہیے۔

قریب ہی ایک ٹیلیفون رکھیں

یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس ایک علیحدہ ٹیلی فون دستیاب ہے۔ کسی تکنیکی مسئلے کی صورت میں آپ مائیکروسافٹ ٹیمس(Microsoft Teams) پر آواز کو خاموش(میوٹ) کر سکتے ہیں اور سماعت مکمل کرنے کے لیے ٹیلی کانفرنس میں کال کر سکتے ہیں۔